Asker kommune

## ہفتہ 19 دسمبر سے آسکر میں کرونا وائرس کے لیے اصول

- کرسمس کے دوران دو مرتبہ 10 مہمانوں کی اجازت ہے جو گھر کے لوگوں کے علاوہ ہوں
- 24 دسمبر اور 25 دسمبر کو چرچ میں سروس اور دعا کے لیے اکٹھے ہونے کی اجازت ہے
- 23 دسمبر سے 1 جنوری کے درمیان تنظیموں اور بلدیاتی اداروں کے زیرانتظام مشکلات کے شکار لوگوں کے لیے پروگراموں کی اجازت ہے۔ اس کے علاوہ عمارتوں کے اندر پروگراموں کی اجازت نہیں ہے
- دکانوں کو لوگوں میں فاصلہ یقینی بنانے کے لیے دکان میں آنے والوں کی تعداد محدود کرنا ہو گی
- عوامی مقامات اور پبلک ٹرانسپورٹ پر جہاں ایک میٹر کا فاصلہ نہیں رکھا جا سکتا، وہاں چہرے پر ماسک پہنا جائے۔ ٹیکسی میں یہ لازمی ہے۔
- تدفین اور جنازے کے بعد مرحومین کی یاد میں رکھے گئے پروگرام میں 20 تک افراد کی اجازت ہے
- کلچرل سرگرمیاں اور فرصت کی سرگرمیاں پیش کرنے والے ادارے بند ہیں
- بالغوں کے لیے تمام فرصت کی سرگرمیاں منسوخ کر دی گئی ہیں لیکن معذوروں اور کمزور گروہوں کے لوگوں کے لیے سرگرمیوں کی اجازت ہے
- بچوں اور نوجوانوں کے لیے فرصت کی سرگرمیاں جاری ہیں لیکن میچ، ٹورنامنٹ اور دورہ جات منسوخ کر دیے گئے ہیں
- کیفے، بار اور ریسٹورنٹ وغیرہ کھلے رہ سکتے ہیں لیکن الکحل پیش نہیں کر سکتے۔

www.asker.kommune.no